## شکایت دائر کرنے کے بعد کس چیز کی توقع کریں:

311 سے خود کو موصولہ سروس کی درخواست کا نمبر تلاش کر کے یا اپنے اپارٹمنٹ کی طرف سے شکایات پر نگاہ ڈال کر اپنی شکایت کی کیفیت HPDONLINE پر پتہ کریں۔ اگر معائنہ کار خلاف ورزی تحریر کرتا ہے تو، آپ HPDONLINE پر خلاف ورزی کی تفصیلات، بشمول یہ بھی دیکھ سکتے ہیں کہ اس کو کب ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔

## ہاؤسنگ کورٹ

اگر دیکھ بھال کی ناقص صورتحال برقرار رہتی ہے تو کرایہ داران خلاف ورزیاں جاری ہونے سے پہلے یا اس کے بعد ہاؤسنگ کورٹ (Housing Court) جا سکتے ہیں۔ عدالت مکان مالک کو ان حالات کو ٹھیک کرنے کا آرڈر کر سکتی ہے اور تعمیل کرنے میں ناکامی پر جرمانوں کی تشخیص کر سکتی ہے۔ دائر کرنے کی فیس 45$ ہے، اور اگر آپ ادا نہیں کر سکتے ہیں تو یہ معاف ہو سکتی ہے۔ ہر بورو میں ایک ہاؤسنگ کورٹ موجود ہے۔

- مین ہٹن: Centre Street 111 - کمرہ 225
- برونکس: Grand Concourse 1118 - لابی
- بروکلن: Livingston Street 141 - کمرہ 202
- کوئینز: Sutphin Boulevard 89-17 - سیکنڈ فلور
- اسٹیٹن آئی لینڈ: Castleton Avenue 927 - لابی

مزیدجاننے کے لیے، 4795-962 (212) پر ہاؤسنگ کورٹ کے جوابات سے رابطہ کریں یا **housingcourtanswers.org** ملاحظہ کریں۔

آپ مفت قانونی اعانت کے اہل ہو سکتے ہیں۔ لیگل ایڈ سوسائٹی (Legal Aid Society) کو 3300-577 (212) پر یا نیو یارک کی لیگل سروسز (Legal Services of New York) کو 7200-431 (212) پر کال کریں۔

## بدعنوانی کی رپورٹ کریں

رہائش کے معائنہ کاران (Housing Inspectors) کسی بھی شخص سے اپنی باضابطہ کارروائیوں کو متاثر کرنے کے لیے کسی قسم کا فائدہ قبول نہیں کر سکتے۔ کوئی بھی فائدہ قبول یا پیش کرنا جرم ہے۔ رہائش کے معائنہ کاران اس قسم کی پیشکشوں کی رپورٹ سٹی کے محکمہ تفتیشات (Department of Investigation) کو کرتے ہیں۔

غیر مناسب سرگرمی کی رپورٹ کرنے کے لیے، **2364-369 (212)** پر کال کریں یا **nyc.gov/doi** ملاحظہ کریں۔ خلاف ورزی کرنے والوں کا مواخذہ ہو گا۔

اضافی معلومات کے لیے براہ کرم www.nyc.gov/hpd پر ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا اپنی موبائل ڈیوائس سے QR کوڈ اسکین کریں۔

ADDITIONAL INFORMATION

## اہم معلومات

- **محکمۂ عمارات (Department of Buildings) -** nyc.gov/buildings
  *خراب یا غیر محفوظ ایلیویٹرز یا عمارتی ڈھانچے سے متعلق مسائل کے لیے۔*
- **ایمرجنسی مینیجمنٹ (Emergency Management) -** nyc.gov/oem
  *اس بارے میں معلومات کے لیے کہ گھرانے کے لیے تباہی کی صورت میں منصوبے، ہنگامی سپلائی کٹ، اور "گو" (Go) بیگز کیسے بنائے جائیں۔*
- **میئر کا دفتر برائےمعذور افراد (Mayor's Office for People with Disabilities) -** nyc.gov/mopd
- **HPD کی سستی رہائش (Affordable Housing) -** nyc.gov/hpd **یا** 5610-863 (212)
  *کھلی لاٹریوں کے بارے میں مزید پتہ کرنے کے لیے۔*
- **میئر کا دفتر برائے گھریلو اور صنف پر مبنی تشدد کا خاتمہ (Mayor's Office to End Domestic and Gender-Based Violence) -** nyc.gov/endgbv
- **محکمہ برائے عمر رسیدگی (Department for the Aging) -** nyc.gov/aging

سٹی کی ایجنسیوں تک رسائی 311 ڈائل کر کے یا nyc.gov کو ملاحظہ کر کےحاصل کی جا سکتی ہے۔

- **اسٹیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل (NY State Homes and Community Renewal) -** 6400-739 (718) **یا** hcr.nyc.gov
  *مستحکم کرایہ یا منضبط کرایہ والی عمارتوں میں چارج کیے جانے والے کرایے سے متعلق مسائل کے لیے۔*
- **بچوں سے بدسلوکی کی ہاٹ لائن (Child Abuse Hotline) -** 3720-342 (800)

For a copy of this pamphlet, go to ABCs of Housing - HPD (nyc.gov)

للحصول على نسخة من هذه النشرة، فضلاً الانتقال إلى دليل أساسيات الإسكان - إدارة الحفاظ على المساكن وتطويرها (nyc.gov)

এই প্রচারপুস্তিকার একটি কপির জন্য, ABCs of Housing - HPD (nyc.gov) এ যান

Pour obtenir une copie de cette brochure, rendez-vous sur ABC du logement - HPD (nyc.gov)

Pou jwenn yon kopi bwochi sa, ale sou ABC Lojman - HPD (nyc.gov)

이 팸플릿 사본을 원하시면 임대주 및 세입자를 위한 주택 수칙(ABCs of Housing) - HPD(nyc.gov) 를 방문하십시오

Kopia tej broszurki jest dostępna na stronie ABC Zakwaterowania - HPD (nyc.gov)

Для получения копии этой брошюры перейдите на веб-сайт HPD (nyc.gov) и найдите руководство «Основы жилищной политики»

Para obtener una copia de este folleto, vaya a El ABC de la Vivienda, HPD (nyc.gov)

اس پرچے کی ایک کاپی کے لیے، ABCs of Housing - HPD (nyc.gov) پر جائیں

如需本宣传册的副本，请访问《住房基础知识》(ABCs of Housing) - HPD (nyc.gov)

**معائنہ کار کابیج #:**

______________________

**معائنہ کی تاریخ:**

/     /

NYC
Department of Housing Preservation & Development
nyc.gov/hpd

**HPD کاشکایت نمبر #** ______________________

**اس معائنے پر جاری شدہ خلاف ورزیاں دیکھنے کے لیے، اس معائنہ سے چند دنوں کے اندر HPDONLINE ملاحظہ کریں۔** تمام خلاف ورزیوں کی اطلاع پراپرٹی مالک کو یا پراپرٹی مالک کے ایجنٹ کو دی جائے گی۔

HPDONLINE

* اپنی موبائل ڈیوائس سے QR کوڈ اسکین کر کے HPDONLINE ملاحظہ کریں۔

***آج کا معائنہ آپ کے اپارٹمنٹ یا عمارت کو ضابطہ میں لانے کے عمل میں محض پہلا قدم تھا۔ HPD ہمارے ضابطہ کے نفاذ کی کوششوں کی اثر انگیزی بڑھانے کے واسطے کرایہ داروں کے پارٹنر بن جانے پر انحصار کرتا ہے۔ ہماری گزارش ہے کہ آپ اس پرچے میں درج معلومات کو بغور پڑھیں۔ رہائش کی دیکھ بھال کے مسائل پر مزید معلومات کے لیے nyc.gov/hpd ملاحظہ کریں یا رہائش کی مبادیات (ABCs of Housing) کی کاپی کے لیے 311 پر کال کریں۔***

## ہنگامی مرمت کی خلاف ورزیاں

HPD ایک یا زائد خلاف ورزیوں کی وجہ سے بذریعہ فون آپ کے ساتھ فالو اپ کر سکتا ہے جو چیک مارک لگا کر جاری کی جا رہی ہیں:

- ☐ حرارت نہیں ہے (64 ڈگری سے کم)
- ☐ گرم پانی نہیں ہے (110 ڈگری سے کم)
- ☐ سیسہ/ امکانی طور پر سیسہ جھڑنے والا پینٹ
- ☐ ونڈو گارڈ غائب یا خراب ہونا
- ☐ پانی نہیں ہے
- ☐ بجلی نہیں ہے
- ☐ آبشار کی طرح پانی کارساؤ
- ☐ پھپھوندی
- ☐ اپارٹمنٹ کا دروازہ از خود بند نہیں ہو رہا ہے
- ☐ دیگر:

HPD لازمی مرمتیں کرنے کے بارے میں پراپرٹی مالک سے رابطہ کرے گا اور اس امر کی تصدیق کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرنے کی کوشش کرے گا کہ آیا مرمتیں شروع یا مکمل ہو گئی ہیں۔ آپ کے لیے HPD کو جواب دینا ضروری ہے تاکہ خرابی کی مرمت کروانے کے لیے ہم اگلے اقدامات کا تعین کر سکیں۔

## فائر سیفٹی (Fire Safety)

### چابی سے بند ہونے والی کھڑکیوں کے دروازے اور ڈبل سلنڈر والے تالے

کھڑکیوں کے دروازوں پر لگے تالے جنھیں کھولنے کے لیے چابیوں کی ضرورت ہوتی ہے اور دروازوں پر لگے تالے جنھیں اپارٹمنٹ کے اندر سے کھولنے کے لیے چابی کی ضرورت ہوتی ہے، خطرناک ہوتے ہیں اور وہ آتشزدگی کی صورت میں آپ کے بچ نکلنے میں یا فائر ڈپارٹمنٹ کے لیے آپ تک پہنچنے میں مانع ہو سکتے ہیں۔ محفوظ رہنے کے لیے انہیں ہٹا دیں۔

### دھویں اور کاربن مونو آکسائیڈ کے ڈٹیکٹرز

دھویں اور کاربن مونو آکسائیڈ کے ڈٹیکٹرز آتشزدگی یا کاربن مونو آکسائیڈ کی خطرناک گیس سے جان بچانے والے انتباہات فراہم کرتے ہیں۔ آپ کے مکان مالک کو یہ ڈیوائسز (یا ایک مشترک ڈیوائس) فراہم کرنا ہوتی ہیں لیکن آپ کو یقینی بنانا چاہیئے کہ ڈیٹیکٹرز موجود ہوں، ان میں مناسب بیٹریاں ہوں اور وہ کارگر ہوں۔

### از خود بند ہونے والے دروازے

تین یا اس سے زیادہ اپارٹمنٹس والی تمام رہائشی عمارتوں میں اپارٹمنٹس اور عوامی حصے کے از خود بند ہونے والے دروازے ہونا ضروری ہے۔ ان دروازوں کو کبھی مسدود نہ کیا جائے یا دروازوں کو از خود بند ہونے سے روکنے والی کوئی ڈیوائس موجود نہیں ہونی چاہیئے۔ دروازے آگ اور دھوئیں کو پوری عمارت میں پھیلنے سے روکنے میں مدد کر سکتے ہیں، جس سے زندگی کا زیاں، ضرر کم ہوتا ہے، اور پراپرٹی کو ہونے والا نقصان محدود ہوتا ہے۔

### لیتھیم آئن بیٹریاں

لیتھیم آئن بیٹریاں – جو اکثر ای-بائیک اور ای-اسکوٹر جیسی چھوٹی حرکت پذیرگاڑیوں میں استعمال ہوتی ہیں – چارج کئے جانے کے دوران یا منقطع حالت میں خطرناک اور زیادہ گرم ہو سکتی ہیں، اور بلا تحریک آتشزدگی کا سبب بن سکتی ہیں۔ اس سے سنگین قسم کی آگ لگ سکتی ہے جو تیزی سے پھیلتی ہے اور اسے بجھانا مشکل ہوتا ہے۔ آپ کو ان بیٹریوں کو کبھی بھی اندرون خانہ، خاص طور پر خروج کے راستوں بشمول کھڑکیوں اور دروازوں کے قریب، یا ایکسٹینشن تار کی مدد سے چارج نہیں کرنا چاہیئے۔ ہمیشہ صرف اصل چارجنگ ایکوئپمنٹ اور تبدیلی کے وقت مینوفیکچر کی تجویز کردہ بیٹری ہی استعمال کریں۔ اگر کوئی بیٹری زیادہ گرم ہو رہی ہو یا آپ کو کوئی بو، ہیئت/رنگت میں کوئی تبدیلی، رساؤ یا آلے سے عجیب قسم کی آوازیں آتی محسوس ہوں، تو فوراً استعمال روک دیں۔ اگر ایسا کرنا محفوظ ہو، تو ڈیوائس کو کسی بھی آتشگیر چیز سے دور ہٹا دیں اور 1-1-9 پر کال کریں۔

### گیس کے رساؤ

اگر آپ کو گیس کی بو آئے یا گیس کے رساؤ کا شبہ ہو تو، فوراً عمارت سے باہر نکل جائیں اور 911 سے رابطہ کریں۔ فائر ڈپارٹمنٹ (Fire Department) آپ کی تشویشات پر جوابی اقدام کرے گا۔

## اپنے بچوں کی نگہبانی کریں

### سیسہ والا پینٹ


سیسہ والا پینٹ آپ کے بچے کو زہر آلود کر سکتا ہے۔ سیسہ والے پینٹ کے خطرات سے متعلق ایک پرچہ اور آپ اپنی فیملی کا تحفظ کس طرح کر سکتے ہیں، اس بارے میں معلومات آپ کو اس معائنہ کے دوران دی گئی تھیں۔ انہیں بغور پڑھیں اور مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔

### ونڈو گارڈز

ونڈو گارڈز بچوں کو کھڑکیوں سے گرنے اور سنگین حد تک زخمی یا ہلاک ہونے سے روکتے ہیں۔ منظور شدہ ونڈو گارڈز تین یا زائد اپارٹمنٹ والی ان عمارتوں میں جہاں 10 سال یا اس سے چھوٹی عمر کے بچے رہتے ہیں یا اگر آپ ان کی درخواست کریں تو تمام اپارٹمنٹس کی اور عوامی ہال وے کی کھڑکیوں پر لازمی درکار ہوتے ہیں۔

## حرارت اور گرم پانی

عمارتوں کے مالکان سے قانونی طور پر اپنے کرایہ داروں کو حرارت اور گرام پانی فراہم کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ گرم پانی لازماً سال کے 365 دن مستقل کم از کم 120 ڈگری فارن ہائٹ درجہ حرارت پر فراہم کیا جانا چاہیئے۔"حرارت والا موسم" یعنی 1 اکتوبر اور 31 مئی کے درمیان درج ذیل حالتوں کے مطابق حرارت لازماً فراہم کی جانی چاہیئے:




## آپ کی صحت

### پھپھوندی، موش، لال بیگ اور چوہے

پھپھوندی، موش، لال بیگ اور چوہے الرجی زا ردعمل، چڑچڑاہٹ کا سبب بن سکتے ہیں، یا کچھ لوگوں میں دمے کو تحریک دے سکتے ہیں۔ اندرون خانہ الرجی پیدا کرنے والی چیزوں کے خطرات سے متعلق ایک پرچہ اور آپ اپنی فیملی کا تحفظ کس طرح کر سکتے ہیں اس بارے میں معلومات آپ کو اس معائنہ کے دوران دی گئی تھیں۔ اسے بغور پڑھیں اور مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔ 2018 کا مقامی قانون 55 متعدد سکونتوں کے مالکان سے کرایہ دار کے اپارٹمنٹس کو پھپھوندی اور کیڑے مکوڑوں سے پاک رکھنے کا تقاضا کرتا ہے۔

## ایذا رسانی اور بے دخلی

### ٹیننٹ ہیلپ لائن (TENANT HELPLINE)

نیو یارک کے جن باشندوں کو مکان مالک کی ہراسانی کا سامنا ہوتا ہے، جو بےدخلی کے خطرے میں ہیں یا جن کے گھروں میں ایسی مرمتیں درکار ہیں جن کو ان کا مکان مالک ہراسانی کی شکل کے بطور نظرانداز کرتا ہے، وہ ٹیننٹ ہیلپ لائن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ٹیننٹ ہیلپ لائن پبلک انگیجمنٹ یونٹ (Public Engagement Unit, PEU) کی ٹیننٹ سپورٹ یونٹ (Tenant Support Unit, TSU) کا مرکزی ہب ہے جو پانچوں بورو کے کرایہ داروں کو پروگراموں، قانونی اعانت، اور کمیونٹی کے وسائل سے جوڑتا ہے۔ آپ ٹیننٹ ہیلپ لائن سے آن لائن یا 311 پر کال کر کے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مکان مالکوں یا مالکان کی طرف سے کرایہ داروں کو ہراساں کرنے میں شامل ہو سکتے ہیں:

- لیز یا تجدید پیش نہیں کرنا یا بار بار پیسہ واپسی کی پیشکش کرنا
- بلا جواز بےدخلی کے نوٹس یا غیر قانونی تالہ بندی
- دھمکیاں اور خوف میں مبتلا کرنا، جیسے رات گئے فون کالز
- منضبط کرایہ کے اپارٹمنٹ کے لیے زیادہ چارج کرنا
- لازمی مرمتیں یا یوٹیلیٹز فراہم کرنے میں ناکام رہنا
- جان بوجھ کر تعیمر سے متعلق مسائل کا سبب بنا، جیسے اوقات کار کے بعد کام کرنا یا حد سے زیادہ دھول یا ملبے کو ہٹانے میں ناکام رہنا
- ضروری خدمات جسے حرارت، پانی، اور بجلی میں بار بار خلل

اگر آپ منضبط کرایہ یا مستحکم کرایہ والے اپارٹمنٹ میں رہتے ہیں تو، آپ نیو یارک اسٹیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل کو 6400-739 (718) پر کال کر کے ہراسانی کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ نیو یارک اسٹیٹ کے اٹارنی جنرل (New York State Attorney General) کی بھی معلومات اور شکایت سے متعلق لائن ہے: 7755-771 (800).